SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

# PRESS RELEASE

For immediate release
January 6, 2020

## ایس ای سی پی نے پروویژنل مینجرز اور آفیشل لیکویڈیٹرز کی تعیناتی کے ضوابط جاری کر دئے

اسلام آباد (جنوری 6): سیکورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) نے قانون کے حکم سے کسی بھی کمپنی کو بند کئے جانے کے عمل کی نگرانی کرنے کے لئے عدالتی حکم پر تعینات کئے جانے والے پروویژنل مینجرز اور آفیشل لیکویڈیٹرز کی تعیناتی کے ضوابط متعارف کروادئے ہیں۔ ان ضوابط میں پروویژنل مینجرز اور آفیشل لیکویڈیٹرز کی ایس ای سی پی کے پینل پر تعیناتی کی شرائط متعین کی گئی ہیں۔

کمپنیز ایکٹ کی دفعہ 315 کے مطابق عدالت کی جانب سے کسی بھی کمپنی کو بند کرنے کے عمل کی نگرانی کے لئے، سیکورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان اس کام کی اہلیت رکھنے والے اشخاص کی فہرست ترتیب دے گا۔ عدالت عالیہ ایس ای سی پی کے ترتیب دی گئی اسی فہرست میں سے مذکورہ کمپنی کو بند کرنے کے لئے پروویژنل مینیجر یا آفیشل لیکویڈیٹر کا تقرر کرے گی۔
یس ای سی پی کے جاری کردہ ان ضوابط میں پروویژنل مینیجر یا آفیشل لیکویڈیٹر کے پینل میں شامل ہونے کے لئے اہلیت کی شرائط فراہم کی گئی ہیں۔ اہل اشخاص، ان ضوابط کے مطابق، ایس ای سی پی پروویژنل مینیجر اور آفیشل لیکویڈیٹر کی فہرست میں اپنے نام کے اندارج کے لئے درخواست دے سکتے ہیں۔ اس سلسلے میں درخواستیں براہ راست official.liquidators@secp.gov.pk پر ای میل کی جاسکتی ہیں۔ ایس ای سی پی ان ضوابط میں درج شرائط کے مطابق درخواستوں کی جانچ پڑتال کی جائے گی۔ ایس ای سی پی، درخواست دہندہ کو شنوائی کا ایک مناسب موقع فراہم کرنے کے بعد، درخواست دہندہ کا نام پینل / فہرست میں شامل کرنے سے انکار کر سکتا ہے۔

تاہم، ایسے پروویژنل مینیجر یا آفیشل لیکویڈیٹر، عدالت کی جانب سے جن کا تقرر ان ریگولیشنز کے اجراء سے پہلے کیا جا چکا ہے، ان کو اس ایک کیس کی حد تک ان ضوابط سے استثنا حاصل ہو گا۔

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Tel: 051-9214005